# SHADAB AGRI CENTRE

## ASKARI WHEAT SEEDS

SEED SERVICES

AGRI TOOLS

PESTICIDE AND FERTILIZERS

PLANT PROTECTION

ASKARI WHEAT SEED (AASS)
ASKARI WHEAT SEED (ABDUL SATAR)
ASKARI WHEAT SEED (AKBAR)
ASKARI WHEAT SEED (CHAKWAL)
ASKARI WHEAT SEED (DILKASH)
ASKARI WHEAT SEED (FAISALABAD)
ASKARI WHEAT SEED (GALAXY)
ASKARI WHEAT SEED (GANDAM-1)
ASKARI WHEAT SEED (GOLD)
ASKARI WHEAT SEED (JOHAR)
ASKARI WHEAT SEED (LASANI)
ASKARI WHEAT SEED (PAKISTAN)
ASKARI WHEAT SEED (PUNJAB11
ASKARI WHEAT SEED (SEHAR)
ASKARI WHEAT SEED (SUBHANI).
ASKARI WHEAT SEED (UJALA)
ASKARI WHEAT SEED (WATAN)
ASKARI WHEAT SEED (ZANKOL)
ASKARI WHEAT SEED (UROOJ)
ASKARI WHEAT SEED (FAKHRAY BHAKKAR)





LEARN MORE

www.shadabagri.com

# گندم اور زمینی کھادیں بلحاظ زمینی نوعیت

سخت یا پکی زمین کے لیے 1-2 بیگ نائٹروفاس یا اینگرو این پی پلس کے ساتھ 1 بیگ رستم ارگینو، آرگینکس 77، یا ہیومک ایسڈ استعمال کریں۔ میڈیم یا ریتلی زمین میں 1-2 بیگ ڈی اے پی یا گارڈ ایم اے پی کے ساتھ 1 بیگ آرگینکس 77، ہیومک ایسڈ، یا رستم ارگینو شامل کریں۔ ہلکی الکلائن یا کلر والی زمین کے لیے 2-4 بیگ سنگل سپر فاسفیٹ کے ساتھ 1 بیگ آرگینکس 77 یا رستم ارگینو استعمال کریں۔ اس قسم کی زمین میں بیج کے چھٹہ کو وتر میں کرنے سے بہتر اگاؤ حاصل ہوگا۔گندم کی بہتر پیداوار کے لیے ڈرل کے ذریعے کاشت کا طریقہ سب سے مؤثر ہے، کیونکہ اس سے بیج کی مقدار کم یعنی 30-40 کلو فی ایکڑ استعمال ہوتی ہے۔ گندم کی فصل میں عام طور پر 3-4 پانیوں کے دوران کھاد دی جاتی ہے۔ پہلا پانی 25-28 دن بعد دینا ضروری ہے، تاہم دھان والی زمین میں پہلا پانی 35-40 دن بعد دیا جا سکتا ہے کیونکہ وہاں پہلے سے وتر موجود ہوتا ہے۔ پہلے پانی پر 1 بیگ یوریا کے ساتھ 2-3 کلو زنک (چھٹہ) یا 1 بیگ اینگرو زوراور یوریا ڈالیں تاکہ شگوفوں کی افزائش بڑھے۔ ایک گندم کا پودا اوسطاً 12-28 شگوفے پیدا کرتا ہے، اور زیادہ شگوفے بہتر پیداوار کا سبب بنتے ہیں۔دوسرے پانی پر، جو پہلے پانی کے 20-30 دن بعد لگتا ہے، 1 بیگ نائٹروفاس یا اینگرو این پی پلس لگائیں۔ تیسرے اور چوتھے پانی کے دوران 1 بیگ کیلشیم امونیم نائٹریٹ (CAN) کے ساتھ 6 کلو ایس او پی (سلفیٹ آف پوٹاش) استعمال کریں۔ جڑی بوٹیوں کا کنٹرول بھی ضروری ہے، کیونکہ یہ پیداوار میں 30 فیصد تک کمی کا باعث بن سکتی ہیں۔اضافی طور پر، اگر بجٹ اجازت دے تو 50-60-70 دن کے دوران ایک فولیر اسپرے کریں جس میں پوٹاش، بوران، اور امینو ایسڈ شامل ہوں۔ اگر فصل میں رسٹ (زنگ) کا مشاہدہ ہو تو فوری طور پر ایک اچھا فنگسائڈ اسپرے کروائیں تاکہ فصل محفوظ رہے اور بہتر پیداوار ممکن ہو۔




وزارت سائنس و ٹیکنالوجی گورنمنٹ آف پاکستان کے ذیلی ادارے سٹیڈیک ٹیکنالوجی کمرشلایزیشن کارپوریشن آف پاکستان اور پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کا فایٹوفیکس ایک انتہائی زود اثر ہارمون ہے جس میں نیفتھاہیل ایسیٹیک ایسڈ شامل ہے۔ یہ ہارمون پھولوں کا کیرا روکتا ہے، مادہ پھولوں کی تعداد بڑھاتا ہے، اور پھلوں کی جسامت، وزن، اور کوالٹی کو بہتر کرتا ہے۔ یہ غیر ضروری قد کو روکتا ہے اور شاخ تراشی کے بعد نئی شاخوں کی افزائش کو بہتر بناتا ہے۔ اس کے علاوہ، قلموں کی جڑیں جلدی نکلنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔گندم، چاول اور دیگر اجناس پر گوبھ سے کچھ دن پہلے اور پھر 15-18 دن بعد دوبارہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کپاس، کینو، لیموں، فروٹر مسمی، پپیتا، چیکو، انار، سیب، ناشپاتی، انگور، آلو بخارا، آڑو، اخروٹ، مونگ پھلی، مونگ ماش، میٹھا ٹماٹر، مٹر، مرچ، کھیرا، ٹینڈے، کدو، کریلہ، گوبھی، بینگن، توری اور دیگر سبزیات پر پھول آنے سے کچھ دن پہلے اور پھر 15-20 دن بعد دوبارہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔فی لیٹر پانی میں اس کی مقدار صرف 25 تا 33 ملی لیٹر ہوتی ہے، یعنی آدھے ملی لیٹر سے بھی کم۔ تمام زرعی لوازمات کی خریداری کے لیے آپ ہماری ویب سائٹ www.shadabagri.com پر وزٹ کر سکتے ہیں یا شاداب ٹریڈرز سرگودھا اور شاداب ٹریڈرز تحصیل ساہیوال میں تشریف لا سکتے ہیں۔ ہم صبح 8 سے شام 6 بجے تک مشاورتی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں: اظہر اقبال ایم ایس سی زراعت اینٹومالوجی، وٹس ایپ نمبر: 03468655000۔